Islamiat - 10th Class Islamiat Chapter 4 (Urdu Medium)

Q1. حصول خیر اور حاجت روائی کےلیے ہمیں کن اعمال کو اختیار کرنا چاہیے.

Ans 1: مستقل میں اللہ تعالی سے طلب کرنے حاجات پوری کرنے اور شر سے محفوظ رہنے کے لیے استغفار ، صدقہ، نماز حاجت اور دعاؤں کا اہتمام کرنا چاہیے.

Q2. حضور اکرم خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کا امتی ہونے کی حیثیتسے ہماری زمہ داری کیا ہے.

Ans 1: حضور اکرم خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کا امتی ہونے کی حیثیت سے ہماری زمہ داری یہ ہے کہ ہم بھی اپنے اندر اخلاص و تقویٰ کی خوبیاں پیدا کریں. ہر عمل خالص اللہ تعالی کی رضا کے لیے کریں.

Q3. عزت و شرافت کا معیار کس کو قرار دیا گیا ہے.

Ans 1: قرآن مجید میں عزو و شرافت کا معیار تقویٰ کو قرار دیا گیا ہے.

Q4. اخلاص و تقوٰیٰ کے بارے میں ایک حدیث کا ترجمہ لکھیں.

Ans 1: نبی کریم خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمام اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے.

Q5. نیت کی درستی کس قدر اہم چیز ہے.

Ans 1: نیت کی درستی اتنی اہم چیز ہے کہ اس کے بغیر انسان کا کوئی عمل بارگاہ الہٰی مین قبول نہیں ہوسکتا.

Q6. طنز اور طعنہ کسے کہتے ہیں.

Ans 1: کسی کے سامنے اس کی برائی کرنے کو طعنہ اور طنز کہتے ہیں.

Q7. مستقبل کے حالات جاننے کے لیے کن کاموں کو اسلام میں حرام قرار دیا گیا ہے

Ans 1: مستقبل کے حالات جاننے اور مستقبل کے کام بنانے کے لیے ستاروں کی چال فال یا جادو ٹونے وغیرہ کا استعمال اسلام میں حرام ہے.

Q8. غیبت کے کیا معنی ہیں.

Ans 1: غیبت کے معنی کسی کی غیر موجودگی میں اس کی برائی بیان کرنا اور اگر وہ برائی اس میں موجود ہو تو اسے غیبت کہتے ہیں.

Q9. نبی کریم خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کے تقویٰ کا کیا عالم تھا.

Ans 1: نبی کریم خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کے تقویٰ کا یہ عالم تھا کہ آپ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم بعض اوقات اتنی عبادت کرتے تھے کہ پاؤں مبارک میں ورم آجاتا ہے.

Q10. پردہ پوشی کا مفہوم بیان کریں.

Ans 1: پردہ پوشی کے معنی کسی کے عیبوں پر پردہ ڈالنا ہے، پردہ پوشی کےلیے ستر پوشی کا لفظ استعمال ہوتا ہے.